11مارچ2019ء

مالی سال19ء کے پہلے آٹھ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 14.3 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال19ء کے پہلے آٹھ ماہ میں 14,350.53 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جو اس میں گذشتہ برس کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 12,833.64 ملین ڈالر کے مقابلے میں 11.82 فیصد نمو کو ظاہر کرتا ہے۔

فروری 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1576.51 ملین ڈالر رہی جو جنوری 2019ء کے مقابلے میں 9.56 فیصد کم جبکہ فروری 2018ء کے مقابلے میں 8.71 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک فروری 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 370.04 ملین ڈالر، 355.66 ملین ڈالر، 240.8 ملین ڈالر، 251.99 ملین ڈالر، 152.25 ملین ڈالر، اور 37.71 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ فروری 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 348.31 ملین ڈالر، 332.18 ملین ڈالر، 207.27 ملین ڈالر، 201.01 ملین ڈالر، 149.4 ملین ڈالر اور 48.96 ملین ڈالر تھیں۔ فروری 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 188.06 ملین ڈالر رہیں جبکہ فروری 2018ء میں ان ملکوں سے 163.35 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******